کتب حضرت مسیح موعود علیہ السلام کے مطالعہ کی تاکید

(خطبہ جمعہ فرمودہ ۱۹؍مئی ۱۹۷۸ء بمقام مسجد نور فرینکفرٹ جرمنی)

(خلاصہ خطبہ)

حضور انور نے مسجد نور فرینکفرٹ میں نماز جمعہ پڑھائی اور ایک بصیرت افروز خطبہ ارشاد فرمایا جو ایک گھنٹے تک جاری رہا۔ آپ نے خطبہ جمعہ میں حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام کے دعویٰ اور آپ کے مقام پر تفصیل سے روشنی ڈالی اور جماعت کو یہ نصیحت فرمائی کہ وہ حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام کی کتب کا کثرت سے مطالعہ کرتے رہیں تاکہ اُن پر حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام کا مقام واضح رہے اور وہ کسی وسوسے کا شکار نہ ہوں۔

فرینکفرٹ اور اس کے نواحی علاقوں کے علاوہ بعض دور دراز شہروں سے بھی کثیر تعداد میں احمدی احباب اور مستورات نے حضور ایدہ اللہ تعالیٰ کی اقتدا میں نماز جمعہ ادا کی اور حضور کے ارشادات سے مستفید ہوئے۔

(روزنامہ الفضل ربوہ ۵؍جون ۱۹۷۸ء صفحہ ۶)

۞۞۞